यहाँ से काटिए

**Sl.No.:**

नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 20

No. of Printed Pages - 7

**SS-22-Urdu Sah.(Supp.)**

## SENIOR SECONDARY SUPPLEMENTARY EXAMINATION - 2025

## URDU SAHITYA

Time : 3 : 15 Hours

Maximum Marks : 80

प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

طلبہ کے لیے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vi) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

(vii) جن سوالات کے ایک سے زائد حصّے ہیں ، ان کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

Tear Here

## حصّہ (الف) (SECTION-A)

**1.** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر کاپی میں لکھیے :

(i) اردو نثر میں غالبؔ کا سب سے بڑا کارنامہ ہے: **[1]**

(A) خطوط (B) افسانہ

(C) خاکہ (D) آپ بیتی

(ii) 'خوجی' عام گفتگو میں اپنا مذہب بتاتا ہے: **[1]**

(A) بنگالی (B) ہندوستانی

(C) اسلام (D) ہندو

(iii) بلونت سنگھ کا پہلا افسانہ ہے: **[1]**

(A) کالی تتری (B) باندھ

(C) سزا (D) تین باتیں

(iv) 'مُلکِ ہوا' کے باسی اپنی ضرورت پوری کرتے تھے: **[1]**

(A) بادلوں سے (B) پانی سے

(C) مٹّی سے (D) ہواؤں سے

(v) ''نقوشِ زنداں'' کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟ **[1]**

(A) سجّاد ظہیر (B) اقبال مجید

(C) کرشن چندر (D) رام لعل

(vi) کنھیّا لال کپور کہاں پیدا ہوئے؟ **[1]**

(A) لکھنؤ (B) حیدر آباد

(C) دہلی (D) لاہور

(vii) ''مقدمۂ شعروشاعری'' کس کی تصنیف ہے؟ [1]

(A) جذبؔی (B) حالؔی

(C) اقبالؔ (D) جمیلؔ مظہری

(viii) معین احسن جذبؔی کا ابتدائی دور میں تخلّص تھا: [1]

(A) شاؔد (B) ہلالؔ

(C) ملالؔ (D) فیضؔ

(ix) ''گھر آنگن'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟ [1]

(A) اقبالؔ (B) غالبؔ

(C) جاں نثار اخترؔ (D) ناصرؔ کاظمی

(x) نظم طباطبائی کا اصل نام ہے: [1]

(A) علی حیدر (B) محمد حیدر

(C) امجد علی (D) جُنید علی

(xi) ''روحِ ارضی'' کے کیا معنیٰ ہیں؟ [1]

(A) روح کی طاقت (B) قبرستان

(C) گلستان (D) زمین کی روح

(xii) جمیلؔ مظہری کب پیدا ہوئے؟ [1]

(A) 1904 (B) 1910

(C) 1913 (D) 1920

(xiii) کہانی ''کلرک کی موت'' میں کلرک کا نام ہے: [1]

(A) بدرالدین (B) چیرویاکوف

(C) حمیداللہ (D) نکولائی

(xiv) ویکوم محمد بشیر کے والد کس چیز کے ٹھیکے دار تھے؟ [1]

(A) عمارتی لکڑی (B) سنگِ مرمر

(C) پتّھر (D) کنکریٹ

(xv) ''کہانی ''جلتی جھاڑی'' کے مصنف کا نام ہے: [1]

(A) پریم چند (B) نرمل ورما

(C) پطرس بخاری (D) ویکوم محمد بشیر

(xvi) پتّوں کا ڈھیر بنا کر انہیں ماچس سے کون جلا کر بھاگ جاتے تھے؟ [1]

(A) مچھوارے (B) دیہاتی

(C) نوجوان (D) بچّے

(xvii) شخصی اظہار کی ایک شکل ہے: [1]

(A) ڈراما نگاری (B) داستان

(C) مکتوب نگاری (D) طنز و مزاح

(xviii) ''عورتوں کی باتیں کرنا'' کس صنف کے لغوی معنی ہیں؟ [1]

(A) غزل (B) نظم

(C) مرثیہ (D) قصیدہ

2. مندرجہ ذیل خالی جگہ کو پُر کیجیے:

(i) اب پوچھو کہ تو کیوں کر مسکنِ _______ میں بیٹھا رہا۔ [1]

(ii) آزاد کو بگاڑ دیا جائے تو وہ_______ بن جائے گا۔ [1]

(iii) باہر کارزارِ حیات میں گھمسان کا________پڑا ہے۔ [1]

(iv) لذّت ترے______ میں آئی کہاں سے یہ [1]

(v) شام آئی ہے تو آئے کہ ______ بھی ہوگی [1]

(vi) مشرق سے اُبھرتے ہوئے ______ کو ذرا دیکھ [1]

3. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے :

(i) افسانہ ''فوٹو گرافر'' کے افسانہ نگار کا نام لکھیے ۔ [1]

(ii) 1937 میں ترقی پسند مصنفین کی کانفرنس کہاں پر ہوئی تھی؟ [1]

(iii) 'سکھ مدرسہ' میں پڑھنے والی لڑکی کا کیا نام تھا؟ [1]

(iv) ''اوّل شب وہ بزم کی رونق __________ '' میں اوّل شب کے کیا معنی ہیں؟ [1]

(v) ناصؔر کاظمی کا انتقال کب ہوا؟ [1]

(vi) ن ۔ م ۔ راشدؔ کا پورا نام لکھیے ۔ [1]

(vii) بری ژالوف کون تھا؟ [1]

(viii) کہانی ''جنم دن'' میں مصنف کے پڑوسی کا کیا نام ہے؟ [1]

(ix) ''جنم دن'' میں مصنف کو دو آنے اُدھار کون دیتا ہے؟ [1]

(x) گیلی مٹی پر کس کے جوتوں کے نشان دکھائی دے رہے تھے؟ [1]

(xi) ایک ہی نشست میں پڑھی جا سکنے والی صنف کون سی ہے؟ [1]

(xii) افسانے کے لازمی جُزو کے نام لکھیے ۔ [1]

## حصّہ (ب) (SECTION-B)

نوٹ :۔ مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات تقریباً 50 الفاظ میں لکھیے :

4. ''گھر کے گھر بے چراغ پڑے ہیں'' کا کیا مطلب ہے؟ [2]

5. گُم نام پہاڑی کے گیسٹ ہاؤس میں بہت کم سیّاح کیوں آتے تھے؟ [2]

6. اختر الایمان ایک طرح کی تعلیم پر کیوں نہیں جم سکے؟ [2]

7. مُلک راج آنند کی پیش کردہ تجویز کیوں منظور نہ ہو سکی؟ [2]

8. 'اب بھاگتے ہیں سایۂ عشقِ بُتاں سے ہم' اس مصرعہ میں سائے سے بھاگنے کا کیا مطلب ہے؟ [2]

9. دردمندوں کی راہ گزر کون سی ہے؟ [2]

10. ''رستے میں جما لیے ہیں ڈیرے'' سے شاعر کا کیا مطلب ہے؟ [2]

11. ''مجبور تو ہوں لیکن مُختار بن رہا ہوں'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ [2]

12. چھینکنے کی بات بتانے پر بیوی نے کلرک کو کیا نصیحت کی تھی؟ [2]

13. مطلع کسے کہتے ہیں؟ [2]

## حصّہ (ج) (SECTION-C)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تقریباً 120 الفاظ میں لکھیے:

14. مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے: [3]

جو پہلے سے کروڑ پتی اور اَرب پتی تھے اُن کی سب سے بڑی پریشانی مزدور تھا، جو آنکھ میں لگانے کو بھی نہ ملتا تھا۔ کارخانے بند ہونا شروع ہو گئے تو دوسرے ملکوں نے اپنا رَدّی سامان پہنچانا شروع کر دیا۔ ملک کے بڑے بڑے انجینیر، سائنٹسٹ، ٹیکنوکریٹ کوڑی کے تین ہو گئے۔ باہر کے ملکوں نے جب تجارت کے نام پر دھاندلی شروع کر دی اور ایک ہزار روپے میں ایک ماچس بیچنا شروع کر دی تو حکومت بوکھلا گئی لیکن اس دن تو حکومت کے ہاتھوں کے طوطے ہی اُڑ گئے، جب اسے معلوم ہوا کہ ملک کے کسان اپنی دولت چپکے چپکے دوسرے ملکوں کے بینکوں میں جمع کر کے کھسکتے جا رہے ہیں۔

یا

بات آئی گئی ہو گئی۔ یہ بھی کسی کو یاد نہ رہا کہ وہ کتاب کن صاحب کے پاس پہنچی۔ دن گزرتے رہے۔ ایک دن معلوم ہوا کہ سرور صاحب کو بخار چڑھ گیا۔ ہم لوگ دیکھنے گئے۔ آنے والوں کی خاصی بھیڑ تھی۔ عیادت کا انداز کچھ تعزیت والا تھا۔ بار بار کلیم صاحب کا نام سنائی دیتا۔ معلوم ہوا کہ تازہ ''نقوش'' میں سرور صاحب کو کلیم صاحب نے دُھن ڈالا ہے۔ اہلِ علم کا مجمع تھا۔ اندازِ گفتگو میں ٹھہراؤ اور صبر وضبط کا ایسا انداز تھا گویا لکھنؤ کا قلعہ کلیم الدین نے ڈھا دیا ہے۔ اور سالارِ قافلہ بیمارِ غم بنا ہوا ہے۔

15. سبق ''لمحے'' کا خلاصہ لکھیے۔ [3]

یا

سبق ''زرد پتّوں کی بہار'' کا خلاصہ لکھیے۔

16. مندرجہ ذیل جزو کی مع سیاق و سباق تشریح کیجیے: [3]

جذبات رفتہ رفتہ افکار بن رہے ہیں افکار کا نتیجہ کردار بن رہا ہے
ہمدردیوں کی شدّت انصاف بن رہی ہے پروردگی کا جذبہ ایثار بن رہا ہے
لغزش سے تجربہ ہے اور تجربے سے حکمت تحقیق ہو رہی ہے معیار بن رہا ہے

یا

مندرجہ ذیل غزل کے اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے:

(i) ہم سے پوچھو کہ غزل کیا ہے، غزل کا فن کیا چند لفظوں میں کوئی آگ چھپا دی جائے
(ii) جنگل میں ہوئی ہے شام ہم کو بستی سے چلے تھے منھ اندھیرے

17. نظم ''گورِ غریباں'' کا خلاصہ لکھیے۔ [3]

یا

نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو؟'' کا خلاصہ لکھیے۔

## حصّہ (د) **(SECTION-D)**

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل تفصیلی سوالات کے جوابات تقریباً 250 الفاظ میں لکھیے:

18. سید احتشام حسین کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔ [4]

یا

خواجہ حسن نظامی کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔

19. آرزو لکھنوی کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔ [4]

یا

اقبال کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔

20. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: [4]

(i) میرا پسندیدہ ادیب
(ii) تعلیم و تربیت پر ماحول کے اثرات
(iii) درخت لگاؤ، زندگی بچاؤ

✓ ✓ ✓ ✓

DO NOT WRITE ANYTHING HERE